© rasailojaraid.com



# مکتبۂ برہان کی دو اہم اور مفید ترین کتابیں

## شہنشاہیت

### جدید سرمایہ داری کی مکمل تاریخ

مترجم مظفر شاہ خانصاحب ظفر یوسفی

شہنشاہیت کی حقیقت، اُسکی تاریخ و تفصیل اور اُسکے نتائج و اثرات پر اردو میں پہلی کتاب جس کی تقریب کے سلسلہ میں مولانا سید طفیل احمد صاحب علیگ مصنف "مسلمانوں کا روشن مستقبل" لکھتے ہیں:- "یہ کتاب دراصل جدید سرمایہ داری کی مکمل تاریخ ہے، جس میں دکھایا گیا ہے کہ یورپ کے ملکوں میں سرمایہ داروں کی محدود جماعت نے حکومت پر قبضہ کر کے بنی نوع کو کس طرح غلام بنایا اور دنیا بھر کے بازاروں پر قابض ہو کر اپنی ذات کے لیے عیش و آرام کے سامان کیونکر جمع کیے، اس وقت یورپ میں جس قدر مختلف تحریکیں نازیت، فسطائیت اور اشتراکیت وغیرہ کے ناموں سے جاری ہیں، اس کتاب میں انکی مفصل تاریخ دی گئی ہے۔ جن سے واقفیت کے بغیر نہ صرف یورپ بلکہ موجودہ دنیا کی سیاسیات کا صحیح اندازہ نہیں ہوسکتا۔ قابل مترجم نے یہ کتاب لکھ کر اردو داں طبقہ پر بڑا احسان کیا ہے"۔ اس کتاب میں نہ صرف شہنشاہیت کے کارناموں کو تفصیل و تحقیق سے لکھا گیا ہے بلکہ دنیا کے تمام اہم واقعات کو بڑی جامعیت اور قابلیت سے واضح کیا گیا ہے، جو اردو داں اصحاب بین الاقوامی معاملات اور دنیا کی سیاسیات سے دلچسپی رکھتے ہیں اُن کے لیے اس کتاب کا مطالعہ نہایت مفید ہوگا۔ انداز بیان شستہ و شگفتہ، صفحات تقریباً ۲۰۸۔ کتابت و طباعت اعلیٰ (زیر طبع)

دس پندرہ روز میں تیار ہوجائیگی۔

## بین الاقوامی سیاسی معلومات

### تمام دنیا کی سیاسیات سے متعلق افراد و اقوام، ممالک و مقامات اور معاہدات و اصلاحات کی مکمل یادداشت

از جناب اسرار احمد صاحب آزاد

آپ روزانہ اخبارات کا مطالعہ کرتے ہیں لیکن مطالعہ کے دوران میں آپ کے سامنے ایسے بے شمار الفاظ آتے ہیں جن کا صحیح مطلب سمجھ میں نہ آنے کی وجہ سے خبروں اور واقعات کی اہمیت اور اُن سے پیدا ہونیوالے نتائج کو اچھی طرح نہیں سمجھا جاسکتا۔ "سیاسی معلومات" میں بین الاقوامی سیاسیات میں استعمال ہونے والی تمام اصطلاحات، قوموں کے درمیان سیاسی معاہدات، بین الاقوامی شخصیتوں اور تمام ممالک و اقوام کے تاریخی سیاسی اور جغرافیائی حالات کو نہایت سہل اور دلچسپ انداز میں ایک جگہ جمع کر دیا گیا ہے جس کے بعد بین الاقوامی سیاست کو سمجھ لینا نہایت آسان ہو جاتا ہے۔ سیاسی معلومات کی اشاعت دراصل اردو ادب میں ایک گرانقدر اضافہ ہے اور تمام اسکولوں، مدرسوں، لائبریریوں اخبارات کے دفتروں میں اس کی موجودگی ضروری ہے۔ علمی اور سیاسی کام کرنے والوں کے لیے یہ کتاب نہ صرف بہترین رفیق بلکہ ایک اچھا اُستاد ثابت ہوسکتی ہے۔ زیادہ سے زیادہ ایک مہینے میں تیار ہوجائیگی۔ (زیر طبع)

ملنے کا پتہ:-

منیجر مکتبۂ برہان قرولباغ نئی دہلی

© rasailojaraid.com